# بنیان پہن کر قرآن مجید کی تلاوت کرنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا بنیان اور ٹراوزر پہن کر تلاوت کر سکتے ہیں ؟ ؟

## جواب

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

مستحب یہ ہے کہ باوضو ہو کر، قبلہ کی طرف منہ کر کے اور اچھے کپڑے پہن کر تلاوت قرآن پاک کی جائے، لہذا بہتر یہی ہے کہ بنیان اور ٹراوزر کے بجائے مکمل اچھے کپڑے پہن کر تلاوت کی جائے۔ لیکن اگر کسی نے اسی حالت میں تلاوت کی تو وہ گناہ گار نہیں ہو گا۔

غنیۃ المستملی میں ہے

”ویستحب ان یکون علی طھارۃ مستقبل القبلۃ لابسا احسن ثیابہ اکمالا لتعظیم القرآن“

ترجمہ: مستحب ہے کہ وہ قرآن پاک کی تعظیم کو بجالاتے ہوئے باطہارت، قبلہ رو اچھے کپڑے پہن کر تلاوت قرآن پاک کرے۔ (غنیۃ المستملی، صفحہ 427، مطبوعہ: کوئٹہ)

بہار شریعت میں ہے ”مستحب یہ ہے کہ باوضو قبلہ رو اچھے کپڑے پہن کر تلاوت کرے۔“ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 550، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعۡلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوۡلُہ اَعۡلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد بلال عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4419

**تاریخ اجراء:** 19 جمادی الاولی 1447ھ/11 نومبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net